سوال

گرم پانی کے ساتھ وضوء کرنے کا حکم کیا ہے ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

گرم پانی کے ساتھ وضوء کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن شدید گرمی کے وقت ایسا کرنے سے وضوء تو صحیح ہے لیکن مکروہ ہوگا، کیونکہ ایسا کرنے میں جلد کو تکلیف جلن ہوگی

اس میں پہلے سے اختلاف ہے کہ آیا گرم پانی سے طہارت ہوجاتی ہے یا نہیں ؟

لیکن صحیح یہی ہے کہ یہ حدث کو دور کر دیتا ہے، اور طہارت ہوجاتی ہے، بلکہ ٹھنڈے اور برفانی علاقوں میں تو ایسا کرنا لازمی ہے، لیکن اگر کوئی شخص نجس ایندھن سے پانی گرم کرے تو ایسا کرنا مکروہ ہے

دیکھیں : اللؤلؤالمکین من فتاوی الشیخ ابن جبرین (78)

1991